# کلمۃ الشکر

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد للّٰہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ وصحبہ أجمعین.**

**وبعد!**

اللہ کا شکر ہے کہ فتاویٰ علماء ہند کی تین جلدیں جو باب الطہارۃ پر مشتمل ہیں؛ منصۂ شہود پر آگئیں۔ علما، صلحا وفقہا نے اپنے تأثرات ودعائیہ کلمات سے نوازا، ان کی ہمت افزائی کی برکت سے کام آگے بڑھ رہا ہے۔ ایمان کے بعد عبادات میں سے مہتم بالشان عمل نماز کا ہے، نماز کی تکمیل مسائل کے استحضار کے بغیر ناممکن ہے۔ کامل نماز برائیوں سے بچاتی ہے اور اللہ کے لامحدود خزانوں سے دلواتی ہے۔ امت کا بہت بڑا طبقہ آج نماز سے دور ہے اور جو پابند ہیں؛ بنیادی مسائل کی جانکاری نہ ہونے کی وجہ سے ان کی نماز بھی کامل درجہ کی نہیں ہے۔

کتاب الصلاۃ پر مشتمل یہ پانچ جلدیں امت کی نگاہوں سے گزریں اور علماء، صلحاء وفقہاءِ امت کو اس طرف متوجہ کریں تو اللہ کی کریم ورحیم ذات سے یہ امید ہے کہ یہ مقبول نمازیں دنیا وآخرت میں امت کے لیے معین ومددگار ثابت ہوں گی۔

عربی اور انگریزی ترجمے کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے، تاکہ امت کے ایک بڑے طبقے کے لیے نافع ہوسکے، ان کوششوں میں ملک وبیرون ملک کے مختلف مقامات پر سیکڑوں علما اور صلحا کی توجہات اور کوششیں جاری ہیں اور اس سلسلے میں ملک وبیرون ملک کے اسفار بھی کئے جارہے ہیں؛ تاکہ یہ موسوعہ فقہا کی نظروں سے گزر کر موثق ہوجائے اور اللہ کی تائید سے مقبول ہوجائے۔

ناظرین سے التماس ہے کہ جس جہت سے بھی ہوسکے؛ اس عالمی اور آفاقی کام میں معاون بن کر عنداللہ ماجور ہوں، کام بڑا ہے اور برسہا برس کا ہے، اس لیے اللہ ہی جانے کتنی زندگیاں کام آجائیں گی۔ **(وما توفیقي إلا باللّٰہ)**

بندہ شمیم احمد محمد عیسیٰ
خادم منظمۃ السلام العالمیۃ

بتاریخ: ۲۰۱۵/۸/۲۲ء